# مانمن خبریں

نمبر 86_1 دسمبر 2019

## نشانات کے ساتھ انجیل کی منادی

### پاکستان میں، وینزویلا اور تھائی لینڈ میں پاسٹرز سیمینار اور رومالوں والی دعائیہ میٹنگ



مانمن چرچ نے پورے جوش و جذبے کے ساتھ دنیا بھر میں بشارت اور مشن کا کام کیا ہے۔ جب کئی پاسبان اور مشنری ان رومالوں کے ساتھ دعائیہ میٹنگز کا انعقاد کرتے ہیں جن پر ڈاکٹر جے راک لی نے دعا کی ہوتی ہے تو پاک روح کے آتشین کام رونما ہوتے ہیں اور بے شمار لوگ دنیا بھر سے شفا پاتے اور خداوند تک راہنمائی پاتے ہیں۔

حال ہی میں، پاکستان، سری لنکا، وینز ویلا اور ارجنٹائن اور تھائی لینڈ میں رومالوں والی دعائیہ میٹنگز اور سیمینار منعقد کئے گئے۔ انجیل کی بھرپور منادی کی گئی اور اس کے بعد عظیم نشانات ظاہر ہوئے۔

پاسٹر تے سک گل از ڈئجون مانمن چرچ نے پاسٹرز سیمینار اور رومالوں والی دعائیہ میٹنگ کیلئے پاکستان اور سری لنکا میں 26 اگست سے 7 ستمبر 2019 تک قیادت کی۔

کولمبیا مانمن چرچ کے پاسٹر ڈیوڈ جانگ نے بھی 9 ستمبر سے 15 ستمبر تک وینز ویلا میں پاسٹرز سیمینار اور رومالوں والی دعائیہ میٹنگ کی قیادت کی، جبکہ 24 ستمبر سے 29 ستمبر تک ارجنٹائن میں انعقاد کیا گیا۔

تھائی لینڈ میں ماسان مانمن چرچ کے پاسٹر سُنگ چل لی اور ہاک ہونگ لم مانمن سینٹرل چرچ نے بھی بانکیہ چرچ، پاور آف لوو چرچ اور مانمن چرچ فار دی ڈیف میں رومالوں والی دعائیہ میٹنگ کی قیادت کی۔

جب انہوں نے خدا کی قدرت سے بھرپور رومالوں کے ساتھ دعا کی تو لوگوں کو دماغ کی رسولیوں سے، گونگے پن سے، شیر خواروں کو ذیابیطس سے، ہرنیہ سے، کار کے حادثات کے اثرات سے، ریڑھ کی ہڈیوں کے مسائل سے، سر درد سے،

نظر کی کمزوری سے اور دیگر بیماریوں سے شفا ملی۔ ان سب نے خدا کو جلال دیا۔
بالخصوص پاکستان میں، ایک شخص جس کا پورا بدن مفلوج تھا وہ اٹھ کھڑا ہوا اور دعا کرواتے ہی چلنے پھرنے لگا اور ایک بچہ جو چل نہیں سکتا تھا اس نے 18 ماہ میں پہلی بار چلنا شروع کر دیا۔ میٹنگ میں دیگر عجیب کام بھی ظاہر ہوئے، ایک شخص جو عینک کے بغیر دیکھ نہیں سکتا تھا اسے بالکل صاف نظر آنے لگا۔
جب لوگوں نے وینزویلا میں پاسٹرز سیمینار میں شرکت کی تھی، انہوں نے کہا کہ پاک انجیل وینزویلا میں قوم کو بدل سکتی ہے۔ ان کی خواہش تھی کہ مانمن منسٹری میں شامل ہو جائیں اور تقریباً 10 چرچز نے ذیلی کلیسیاؤں کے طور پر مانمن کے ساتھ الحاق کر لیا۔
بائبل مقدس میں غیر معمولی معجزات بھی درج ہیں جیسے اعمال 19: 12 "یہاں تک کہ رومال اور پٹکے اس کو چھوا کر بیماروں پر ڈالے جاتے تھے اور ان کی بیماریاں جاتی رہتی تھیں اور بری روحیں ان میں سے نکل جاتی تھیں"۔




## ڈبلیو سی ڈی این خدا کے کاموں کی طبّی طور پر تصدیق کرتا ہے

ڈبلیو سی ڈی این ایک مسیحی طبّی ڈاکٹروں کا نیٹ ورک ہے جو دنیا بھر میں مصروفِ عمل ہے۔ اس کی بنیاد اس مقصد سے رکھی گئی تھی کہ شفا کے معاملات کی طبّی طور پر تصدیق کرے۔ اس کے آغاز سے لے کر، اس نے امریکہ، انڈیا، آسٹریلیا، فلپائن، اطالیہ، مورو‌ے، میکسیکو، اور بلغاریہ میں کئی مسیحی میڈیکل کانفرنسز کا انعقاد کیا تا کہ ثابت کر سکے کہ بائبل مقدس حقیقی ہے اور الٰہی شفا کی تصدیق کرے ان معاملات کی جن کیلئے ادویات یا آپریشن وغیرہ پرانحصار نہیں کیا جا سکتا تھا۔ جنوبی کوریا میں اپنے صدر مقام سمیت اس کی دنیا بھر میں 18 ذیلی شاخیں ہیں۔




پولینڈ میں 15 ویں ڈبلیو سی ڈی این کانفرنس میں الٰہی شفا کے معاملات

## "دماغ کی رگ پھٹنے کے باوجود، میرا دماغ پھر سے عمومی طور پر کام کرنے لگا"

یونگ شم لی، سینئر ڈیکنیس (57 سال، 2-15 پیرش)

یہ بات 14سال پہلے کی ہے۔ مجھے ہر وقت شدید سردرد رہتا تھا، لیکن اس دن صبح کے وقت میں بے ہوش ہوئی اور مجھے ہسپتال بھیج دیا گیا۔ معائنہ میں یہ ظاہر ہوا کہ میرے دماغ کی کوئی رگ پھٹ گئی ہے۔
ڈاکٹر نے کہا کہ اس میں بحالی کا کوئی امکان نہیں ہے، اور یہ کہ میں بول نہیں سکوں گی اور مجھے بدن کے ایک طرف مکمل طور پر مفلوج حالت میں زندہ رہنا پڑے گا۔
اپنے مفلوج بازوؤں اور ٹانگوں سمیت، میں محض لکڑی کے کسی تختے کی مانند ہو گئی تھی۔ لیکن میرے خاندان نے آنسوؤں کے ساتھ میرے لئے دعا کی۔
میرے خاندان والے مجھے پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی کے پاس لے گئے، اس کی دعا کے بعد، معجزانہ طور پر میں واپس ہوش میں آ گئی۔
ان کی دوسری دعا کے بعد، مجھے دماغ کی رگ پھٹنے کے عارضے سے شفا مل گئی۔ اور ان کی تیسری دعا کے بعد، میں آسانی سے چل پھر سکتی اور اپنے ہاتھ سے چیزیں وغیرہ اٹھا سکتی تھی۔
میں خداوند اور خدا کے حضور پہلے سے بھی زیادہ آنسوؤں کے ساتھ دعا میں رہی اور خدا نے ہر روز مجھے مضبوط تر کیا۔ 9 ماہ کے بعد، میرا سی ٹی اور ایم آر آئی معائنہ ہوا، اور ڈاکٹر نے مجھے ایک حیرت انگیز خبر سنائی۔ "آپ کے بدن میں سب کچھ نارمل ہے"۔ ہالیلویاہ! اب میں شکر گزاری کے ساتھ خدا کی دی ہوئی اضافی زندگی گزارتی ہوں۔

### ایم آر آئی کی تصاویر



دعا سے پہلے دماغی رگ پھٹنے والی اضافی جگہ دیکھی جا سکتی ہے، لیکن دعا کے بعد صرف برائے نام ہی باقی ہے۔



# "مانمن چرچ سے ملاقات میری زندگی کی عظیم ترین برکت ہے"

ڈاکٹر دانی ایل فیونتیس، ریجنل ڈائریکٹر میکسیکو

مجھے ڈاکٹر ارمانڈو پینیڈا، ڈائریکٹر ڈبلیو سی ڈی این امریکہ کی معرفت ڈبلیو سی ڈی این کی بابت معلوم ہوا۔ ڈبلیو سی ڈی این کی 9 ویں کانفرنس میں شرکت کے بعد میری زندگی پوری طرح سے بدل گئی۔

وجہ یہ تھی کہ میں ڈبلیو سی ڈی این منسٹری کی بابت حقیقتاً حیرت کا شکار تھا جو طبّی بنیادوں پر تصدیق کرتی ہے، ایسے لوگوں کی کئی گواہیاں جنہیں خدا کی قدرت سے شفا ملتی ہے۔ اس طرح نہ صرف خدا کے کلام کی منادی ہوتی ہے بلکہ خدا کی قدرت بھی ظاہر ہوتی ہے جس کے ساتھ ساتھ طب کی معاوونت بھی شامل ہو تا کہ ہمیں دکھا سکے کہ خدا آج بھی ہماری زندگیوں میں معجزے کر رہا ہے۔ اس وقت سے لے کر میں نے میکسیکو میں ڈبلیو سی ڈی این کانفرنس کی تیاری کی۔ جب میں نے مانمن کے ساتھ کام کیا تو میں نے عظیم شادمانی اور برکات کا تجربہ پایا۔

میرا خیال ہے کہ خدا ڈاکٹر جے راک لی کو استعمال کر رہا ہے کیونکہ خدا اس کی پاک اور نیک زندگی کو تسلیم کرتا ہے۔ بائبل مقدس کہتی ہے "جو کوئی یسوع پر ایمان رکھتا ہے، جو کام یسوع کرتا تھا، وہ بھی ویسے کام کرے گا۔ بلکہ اس سے بھی بڑے کام"۔ ڈاکٹر جے راک لی پاک روح کا چُنا ہوا وسیلہ ہے اور وہ دنیا کو خدا کی قدرت دکھاتا ہے۔ اس کی زندگی نے دنیا کے کئی لوگوں کی زندگی تبدیلی کی ہے اور وہ شفا کے بے شمار کام دکھاتا ہے۔

انہوں نے صرف ایمان کے ساتھ منسٹری کی ہے، اور پاک روح کے پھل ظاہر کئے ہیں۔ ڈاکٹر جے راک لی نہایت ہی حلیم ہیں، ان کے اندر روحوں کیلئے عظیم محبت ہے اور وہ پاک روح کے کام ظاہر کرتے ہیں۔ ان کے پاس اس اخیر زمانہ میں ساری دنیا کی روحوں کی نجات کا فریضہ ہے۔

میری رویا یہ ہے کہ ڈبلیو سی ڈی این کی ذیلی شاخ کا دفتر قائم کروں اور طبّی سائنس کے ذریعہ ڈبلیو سی ڈی این منسٹری کی مدد کروں تا کہ لوگوں کو دکھایا جا سکے کہ طبّی سائنس کس طرح سے خدا کے کلام کے شانہ بہ شانہ چلتی ہے۔ میں یہ بھی دکھانا چاہوں گا کہ اس منسٹری کے وسیلہ سے ہنوز ایمان ہی سب باتوں میں مرکزی اور اہم ہے۔

میں ڈبلیو سی ڈی این منسٹری کا حصہ بن کر بہت شادمان ہوں۔ مجھے شرف حاصل ہوا ہے کہ میں مانمن کے ساتھ کام کروں اور نجات کا پیغام پیش کر سکوں۔

الٰہی شفا کی بے شمار گواہیاں موجود ہیں۔ نگونزا (60 سال، خاتون، ڈی آر کانگو) اور رِسی سیریباس تاوو (2 سال، مرد، انڈیا) کو دعا کروانے کے بعد ایڈز جیسی بیماری سے شفا ہوئی۔ اونداراکھ (64 سال، خاتون، منگولیہ) اور سُون جا کَم (74 سال، خاتون) کو پارکنسنز بیماری سے شفا ملی، ربیقہ (50 سال، خاتون، جرمنی) کو ہڈیوں کے سرطان سے، سُ کیانگ چو (42 سال، خاتون) کو دماغ کی رسولی سے، کیانگ آح چو (52 سال، خاتون) کانوں میں سیٹیاں بجنے کی بیماری اور پتے کی بیماری سے شفا ملی، حیاح این کَم (28 سال، خاتون)، انورکسیا بیماری سے اور ڈونگ حعا شِن (61 سال خاتون) کو پچاس سال پرانے پیشاب کے عارضہ سے دعا کے وسیلہ خدا کی قدرت سے شفا ملی۔

بھائی جے جِن لی، (21) نے جب مڈل سکول تک تعلیم مکمل کی تب تک ان کا قد صرف 128 سینٹی میٹر تھا اور یہ نینوکورمیا کی وجہ سے تھا، لیکن ڈاکٹر جے راک لی کی دعا کے بعد اس کا قد 38 سینٹی میٹر بڑھ گیا۔ اب اس کا قد 166 سینٹی میٹر ہے اور وہ پُر اعتماد زندگی گزار رہا ہے۔

حے سوک چوعی (58 سال، خاتون)، چُو پُنگ پنگ (44 خاتون، ملائشیا)، اور کیتا (42 سال خاتون، انڈیا) کو تاریکی کی قوتوں سے رہائی ملی، اور اب وہ شادمان زندگی گزارتی ہیں، انجلیکا اوسوریو (19 سال، خاتون، کولمبیا) کو شدید ذہنی دباؤ سے شفا ملی۔

ڈونگ سُن لی (80 سال، مرد) نے کسی قرض خواہ کے ساتھ تحریری معاہدے میں پھنسنے کے بعد بیوی سمیت خود کشی کرنے کی کوشش کی۔ سِک جُنگ کوون (68 سال، مرد) نے بھی مختلف بیماریوں کی وجہ سے خود کشی کی کوشش کی۔ لیکن دونوں کو ہی مانمن چرچ لایا گیا، اوراسے سب بیماریوں سے شفا مل گئی اور اب وہ پاک روح سے معمور زندگی گزارتے ہیں۔ ایسے بے شمار لوگوں کی گواہیاں ہیں جنہوں نے مایوسی کے انتہائی درجہ تک پہنچ کر دوبارہ شادمانی پائی ہے۔



روحانی محبت (8)

# محبت اپنی بہتری نہیں چاہتی

"محبت صابر ہے اور مہربان، محبت حسد نہیں کرتی، محبت شیخی نہیں کرتی، اور پھولتی نہیں۔
نازیبا کام نہیں کرتی، اپنی بہتری نہیں چاہتی، جھجھلاتی نہیں، بدگمانی نہیں کرتی"۔
1- کرنتھیوں 13: 4-5



سینئر پاسٹر ریورنڈ جے راک لی

آج، ہمیں اس روحانی محبت کی نہایت ہی زیادہ ضرورت ہے اپنی بجائے دوسروں کی بہتری کو سامنے رکھتی ہے۔ اس دنیا میں خود غرضی تیزی سے پھیل کر لوگوں کو اپنی لپیٹ میں لے رہی ہے اور لوگ صرف اپنی ہی فکر کرتے ہیں۔
کچھ لوگ تو بچوں کے دودھ می بھی مضر کیمیکل کی ملاوٹ کرتے ہیں۔ وہ ایسی ٹیکنالوجی فروخت کرتے ہیں جو قومی سطح پر نمایاں شناخت بن جاتی ہے۔ اگرچہ ان معاملات جیسے ڈرامائی انداز نہ ہوں، لیکن ہم اپنی روز مرہ زندگیوں کا جائزہ لے سکتے ہیں کہ آیا ہم اپنی بہتری سے بڑھ کر دوسروں کی بہتری کے لئے خدمت کرتے ہیں۔

## 1۔ روحانی محبت دوسروں کی بہتری کی مشتاق رہتی ہے

فرض کریں کہ ہم اپنے ساتھیوں کے ساتھ کوئی چیز کھانے والے ہوں۔ بعض لوگ اسرار کرتے ہیں کہ وہ کچھ کھانا چاہتے ہیں، بعض ایسے ہیں جو دوسروں کی پسند کے مطابق چلتے ہیں، لیکن انہیں اطمینان نہیں ہوتا۔ ایسے بھی لوگ ہیں جو دوسروں سے پوچھتے ہیں کہ انہیں کیا چاہئے، اور وہ ان کے ساتھ مل کر اس کھانے سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔
کسی میٹنگ میں کچھ لوگ دوسروں کے اس وقت تک پیچھے پڑے رہتے ہیں جب تک وہ ان کی بات مان نہیں لیتے۔ کچھ دیگر ایسے ہیں جو اپنے نظریات پر اڑ جاتے ہیں لیکن دوسروں کے نظریات کو کسی طور پسند نہیں کرتے۔ کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جو واقعی دوسروں کے نظریات سنتے ہیں اور ان کی پیروی کی کوشش کرتے ہیں، حالانکہ وہ نظریات ان کے نظریات سے مختلف ہوتے ہیں۔ یہ فرق اس محبت کی وجہ سے آتے ہیں جو ان کے اندر موجود ہوتی ہے۔
اگر مختلف نظریات کی وجہ سے کسی طرح کی تلخی ہو جائے، تو اس کی وجہ یہ ہے کہ لوگ دوسروں کے نظریات کے مشتاق ہونے کی بجائے اپنی خیالات پر زور دیتے ہیں۔ شوہروں اور بیویوں کے درمیان بھی اگر وہ اپنے نطقہ نظر پر اڑے رہیں تو ان میں جھگڑا ہو جاتا ہے کیونکہ وہ ایک دوسرے کو سمجھتے ہی نہیں۔ اگر وہ خود کو دوسروں کی جگہ رکھ کر دیکھیں تو اس طرح امن و سکون قائم ہو سکتا ہے۔ امن و سکون اس وقت برباد ہوتا ہے جب وہ اپنے اپنے نظریات پر اسرار کرتے ہیں۔
اگر آپ دوسروں سے محبت رکھتے ہیں تو ہمیشہ دوسروں کو اپنے آپ سے بہتر مقام پر رکھیں گے۔ اکثر مائیں اس وقت تلخ ہو جاتی ہیں جب دوسرے لوگ کہتے ہیں کہ ان کی بیٹی ان سے زیادہ خوبصورت ہے، بجائے یہ سننے کے کہ ان کی بیٹیاں بالکل اپنی ماں جیسی ہیں۔ اگر انہیں پتہ چلے کہ بچے کوئی لذیذ چیز کھاتے ہیں تو خوشی محسوس کرتے ہیں، بجائے کہ وہ خود کوئی لذیذ چیز کھائیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ ان کے بچے بہت ذہین ہوں، دوسروں میں ان کی پہچان ہو، اور دوسرے لوگ بھی ان سے زیادہ پیار کریں۔ اگر ہم اس طرح کی محبت سب سے رکھ سکتے ہیں تو خدا کتنا زیادہ خوش ہو گا۔

## 2۔ ابرہام دوسروں کی بہتری چاہتا تھا

دوسروں کی بہتری چاہنا قربان ہونے والی محبت سے صادر ہونے والی بات ہے۔ ہم ابرہام کو ایسا شخص دیکھتے ہیں جس نے اپنی بجائے دوسروں کی بہتری چاہی۔
پیدائش 13 باب میں ہم ابرہام اور اس کے بھتیجے لوگ کے بارے میں پڑھتے ہیں۔ جب ابرہام نے اپنا وطن چھوڑا اور اس کا بھتیجا لوط بھی اس کے ساتھ آیا۔ لوط نے ابرہام کے ساتھ رہ کر برکت پائی جس کو خدا عزیز رکھتا تھا۔ ان کے پاس بہت دولت تھی؛ نہ صرف چاندی اور سونا بلکہ بہت سے مویشی بھی تھے، اس لئے ابرہام کے چرواہوں اور لوط کے چرواہوں کے درمیان پانی کے معاملہ پر جھگڑا ہونے لگا۔
ابرہام نے لوگ کو پہلے موقع دیا کہ وہ جو چاہے جگہ چُن لے کیونکہ وہ نہیں چاہتا تھا کہ ان کی صلح ختم ہوجائے (پیدائش 13: 9)۔ اس وقت کنعان کی سرزمین پر وافر سبزہ اور پانی نہیں تھا، اس لئے کسی کی زمین لینا ایسا ہی تھا جیسے سے جینے کا حق لے لیا جائے۔ ابرہام نے لوط کو موقع دیا کہ وہ پہلے جگہ منتخب کر لے کیونکہ وہ اس سے اس حد تک محبت رکھتا تھا۔ لوط نے یردن کی وادی منتخب کی جس میں وافر پانی تھا اور وہ جگہ زرخیز تھی۔
اب، کیا ابرہام ابتری محسوس کرتا کیوں کہ لوط ے اس سے بہتر زمین چُن لی تھی ؟ اس نے بالکل ایسا محسوس نہیں کیا۔ وہ خوش تھا کہ اس کے بھتیجے نے اس سے بہتر زمین منتخب کر لی ہے۔
ابرہام کے نطقہ نظر سے، اس کے پاس یہ حق تھا کہ وہ پہلے جگہ منتخب کر لیتا کیونکہ وہ بزرگ تھا اور لوط کو جو برکات ملتی وہ صرف اس کی ہی شکر گزاری تھی۔ بہرحال، اس نے پورے خلوص کے ساتھ چاہا کہ لوگ بہتر زمین لے لے۔ اسی وجہ سے اس نے امن برقرار رکھا اور خدا سے بہت برکت پائی۔ وہ اتنا دولت مند ہو گیا اور اتنا اثر و رسوخ پایا کہ بادشاہ اس کی تعظیم کرتے تھے۔ اس کو خدا کا دوست کہا گیا کیونکہ وہ نیک دل تھا۔
جو لوگ دوسروں کی بہتری چاہتے ہیں وہ دوسروں کی بہتری کیلئے کام کرتے ہیں، اور اسی لئے وہ یقینا خدا سے برکت پائیں گے۔ اپنی کوئی چیز اپنے عزیزوں کو دے دینا ہمیں کسی بھی چیز سے بڑھ کر خوشی دیتا ہے۔ یہ ایسی خوشی ہے جو صرف وہ لوگ محسوس کرتے ہیں جنہوں نے کسی کو کوئی بیش قیمت چیز دی ہو۔

یسوع ایسی عظیم خوشی سے لطف اندوز ہوا۔

### 3۔ بہت بڑی خوشی سے لطف اندوز ہونا

ہم اس وقت بھی بڑی خوشی پا سکتے اور شادمان ہو سکتے ہیں جب ہم کامل محبت کی کاشتکاری کریں۔ کامل محبت کاشت کرنے کیلئے جس کے ساتھ ہم خوشی سے لطف اندوز ہو سکیں، ہمیں دوسروں کو خود سے بہتر سمجھنا پڑتا ہے۔

ہمیں چاہئے کہ اپنے پڑوسیوں کو، خدا کو، خداوند کو اور کلیسیا کو خود سے آگے رکھیں۔ لازم ہے کہ ہم خاندان میں دوسرے افراد کی پہلے فکر رکھیں۔ پھر خدا ہماری فکر رکھے گا۔ جب ہم دوسروں کی بہتری کے لئے کام کرتے ہیں تو خدا ہمیں اس کے عوض کوئی بہتر چیز دیتا ہے۔

اسی لئے کہا گیا ہے کہ دینا لینے سے مبارک ہے (اعمال 20: 35)۔ بے شک، اس پیغام کو غلط انداز سے سمجھتے ہوئے ہمیں دیگر لوگوں یا خدا کی بادشاہی کی اتنی خدمت نہیں کرنی چاہئے کہ اپنی صحت کا نقصان اٹھائیں گے۔ خدا ہمارے وفاداری سے خوش ہو گا لیکن ہمارے بدنوں کو بعض اوقات آرام کی ضرورت بھی ہوتی ہے۔ ہمارے پاس دعا اور روزے کا وقت بھی ہو گا اور خدا کے کلام کو سیکھنے کا، اور اس کا مطلب ہو گا اپنی جان کی بھی فکر کرنا۔

بعض لوگ چرچ کی سرگرمیوں پر اتنی زیادہ توجہ رکھتے ہیں کہ آس پاس لوگوں کیلئے پریشانی کا سبب بن جاتے ہیں۔ جبکہ بعض ایسے ہیں جو اپنے فرائض سے غفلت برتتے ہیں محض اس لئے کہ ان کا روزہ ہے۔ وہ اپنے خاندان کو صرف اس وجہ سے نظر انداز کرتے ہیں تا کہ چرچ کے کام پر توجہ رکھ سکیں۔ گھریلو خواتین اپنے خاندان کی دیکھ بھال نہیں کرتیں، یا طالب علم اپنے مطالعہ کو نظر انداز کرتے ہیں تا کہ چرچ کا زیادہ کام کر سکیں۔

ہو سکتا ہے ان کا یہ خیال ہو کہ وہ چونکہ خدا کیلئے کام کر رہے ہیں اس لئے اپنی بہتری نہیں چاہ رہے لیکن بڑی تلخ بات یہ ہے کہ وہ اپنی ہی بہتری کے مشتاق ہیں۔ اگرچہ وہ خدا کی بادشاہی میں وفادار ہیں تاہم خدا کے سارے گھرانے میں وفادار نہیں ہیں۔ لٰہذا، خدا کے فرزند ہوتے ہوئے اپنے سارے فرائض پورے نہیں کرتے۔ انہوں نے صرف وہ کام کیا جو وہ کرنا چاہتے ہیں، اور وہ سب کچھ نظر انداز کیا جسے وہ کرنا نہیں چاہتے تھے۔

ہر بات میں اپنی بہتری نہ چاہتے کیلئے لازم ہے کہ ہم پاک روح سے مدد پائیں۔ پاک روح خدا کل قلب ہے اور ہمیں سچائی کی طرف لے جاتا ہے (یوحنا 16: 13)۔ لٰہذا، ہم ہر وقت خدا کے جلال کے لئے زندگی صرف اس وقت گزار سکتے ہیں جب ہر وقت اس کی ہدایات کی پیروی کریں۔

اور پاک روح سے راہنمائی پانے کیلئے، یہ بات حکمیہ ہے کہ ہم اپنے دل سے ہر طرح کی بدی کو دور کریں۔ مزید برآں، اگر ہم اپنے دلوں میں روحانی محبت کاشت کرتے ہیں تو ہم نیکی کی حکمت پا سکتے اور ہر طرح کی صورت حال میں خدا کی مرضی کو جان سکتے ہیں۔ پھر، ہم خدا کی بادشاہی میں جس قدر چاہیں وفادار ہو سکتے ہیں کیونکہ جب ہمارے جان آسودہ ہو گی تو ہم صحت مند ہو ں گے۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے سب پڑوسی اور خاندان کے افراد ہم سے پیار کریں تو ہمیں اپنی بہتری کی بجائے ان کی بہتری کے مشتاق ہونا لازم ہے۔

مسیح میں عزیز بھائیو اور بہنو!

خدا یہ نہیں کہتا کہ صرف پہلے دوسروں کی بہتری چاہنا ہی کافی ہے۔ ہمیں ان کی بہتری کے مشتاق بھی ہونا ہے جنہیں ہم پیار کرتے ہیں اور ان کیلئے بھی جو ہمارے لئے مدد گار ہیں لیکن ان کیلئے بھی جو ہمارے لئے مشکلات پیدا کرتے اور تکلیف پہنچاتے ہیں۔

اگر ہم ایسے لوگوں کو نظر انداز کرنا چاہتے ہیں جو ہمیں مشکل میں ڈالتے ہیں تو ہمیں تسلیم کرنا ہے کہ اس کا یہ مطلب ہو گا کہ ہم اپنی بہتری چاہتے ہیں۔ روحانی محبت یہ ہے کہ اپنے لئے قربان ہوں اور دوسروں کیلئے بہتری چاہیں جو ہم سے یکسر مختلف ہیں اور یہاں تک کہ صورت حال دیکھنے میں ناممکن نظر آتی ہو۔

میں خداوند کے نام میں دعا کرتا ہوں کہ آپ دوسروں کے مفاد کی خدمت کریں حالانکہ وہ ہم سے بہت مختلف ہوتے ہیں۔

Urdu
مانمن خبریں
شائع کردہ مانمن سینٹرل چرچ
نمبر 3-235گرو ڈونگ 3، گرو۔گو، سیول کوریا(08389)
فون 82-2-818-7047 فیکس 82-2-818-7048
ویب سائٹ www.manmin.org/english
www.manminnews.com
ای میل manminen@manmin.kr
ناشر:ڈاکٹر جے راک لی

GCN
جی سی ان (گلوبل کرسچن نیٹ ورک)
فون:82-2-824-7107
فیکس:82-2-813-7107
www.gcntv.org
webmaster@gcntv.org

WCDN
(ورلڈ کرسچن ڈاکٹرز نیٹ ورک)
فون:82-2-818-7039
فیکس:82-2-830-5239
www.wcdn.org
wcdnkorea@gmail.com

MIS
(مانمن انٹرنیشنل سیمنری)
فون:82-2-818-7331
فیکس:82-2-830-3310
www.manminseminary.org
manminseminary2004@gmail.com

کتب اُوریم
فون:82-70-8240-2075
فیکس:82-2-869-1537
www.urimbooks.com
urimbook@hotmail.com

## ایمان کا اقرار

1۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ بائبل مقدس خدا کے منہ سے نکلا ہوا کلام ہےاور یہ کامل اور بے نقص ہے ۔
2۔مانمن سینٹرل چرچ خدائے ثالوث :خدا باپ، خدا بیٹا، اور خدا روح القدس کی یکتائی پر ایمان رکھتا ہے ۔
3۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ ہمیں صرف اور صرف یسوع مسیح کے نجات بخش لہو کے وسیلہ گناہوں کی معافی ملی ہے۔
4۔مانمن سینٹرل چرچ یسوع مسیح کے مرِدوں میں سے جی اٹھنے اور آسمان پر اٹھائے جانے پر ، اُس کی آمدِ ثانی پر، ہزار سالہ بادشاہی پر اور ابدی آسمان پر ایمان رکھتا ہے۔
5۔مانمن سینٹرل چرچ کے ارکان جب بھی جمع ہوتے ہیں "رسولوں کا عقیدہ" پڑھ کرایمان کا اقرار کرتے ہیں اور اِس میں شامل باتوں پر حرف بہ حرفی یقین رکھتے ہیں۔

"وہ(خدا ) توخود سب کو زندگی اور سانس اورسب کچھ دیتا ہے"۔(اعمال25:17) "اور کسی دوسرے کے وسیلہ نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دوسرانام نہیں بخشا گیا جس کے وسیلہ سے ہم نجات یں"۔(اعمال12:4)

میری ملاقات زندہ خدا سے ہوئی!

# میں مسیحی زندگی گزارنے اور زندہ خدا کا تجربہ پانے میں خوش ہوں!



جونگ حی اُم (عمر55 سال، 11 ویں پیرش)

مارچ 2017 میں، میری نظر 1.0، 1.5 تھی لیکن اچانک ہی 0.8، 1.0 ہو گئی۔ اس کے علاوہ مجھے ضعفِ بصارت بھی تھا اور میں پڑھنے کیلئے چشمہ لگاتی تھی۔ ہر عبادت میں میں اپنے ہاتھ آنکھوں پر رکھتی اور سینئر پاسٹر ریورنڈ جے راک لی سے دعا کرواتی تھی۔ خاص طور پر، مانمن سمر ریٹریٹ جیسے خاص مواقع پر یا خاص شفائیہ عبادات میں جو مانمن دعائیہ مرکز میں ہوتے تھے، میں اپنے دل سے ان عبادات کیلئے تیاری کرتی تھی۔

## نظر بہتر ہو گئی

حال ہی میں، مجھے ایک غیر معمولی تجربہ ہوا۔ 2018 کے موسم سرما کے شروع میں، دانی ایل دعائیہ میٹنگ کے دوران جماعت کیلئے میں ایک گیت کی شاعری پڑھ رہی تھی۔ پھر، اچانک، میں تمام الفاظ صاف صاف پڑھ سکتی تھی۔

14دسمبر کو میرا طبّی معائنہ ہوا، میں چھوٹے چھوٹے حروف بھی نظر کے ٹیسٹ کے دوران پڑھ سکتی تھی۔ عجیب اور حیرت انگیز نتیجہ تھا کہ اب میری نظر 2.0، 2.0 ہو گئی تھی۔ زیادہ شکر گزاری کی یہ بات ہے کہ میری آنکھوں کا ضعف بھی بہتر ہو گیا اور اب میں بغیر چشمہ کے کتابیں پڑھ سکتی ہوں۔ ہالیلویاہ!

جب مجھے خدا کی محبت کا تجربہ مل رہا تھا، مجھے یاد ہے کہ میں جب سے چرچ آ رہی ہوں تو پہلے دن ہی سے خدا کے قدرت نے مجھے چھوا۔

ستمبر 1990 میں، مجھے کولہے کی ہڈی سرک جانے کی وجہ سے چلنے پھرنے میں شدید تکلیف شروع ہو گئی۔ کئی طرح کی ادویات لینے کے باوجود کسی طرح کی بہتری نہ ہوئی۔ لیکن جب میں جمعہ کی شب بھر کی عبادت میں اپنے ساتھیوں کی راہنمائی کے بعد آئی تو مجھے اس سے مکمل شفا مل گئی۔

عبادت میں، سینئر پاسٹر نے کہا کہ اپنے ہاتھ بیمار حصہ پر رکھو جب وہ بیماروں کے لئے دعا کر رہے تھے۔ میں نے اپنے ہاتھ کمر پر رکھے اور پھر درد یکسر دور ہو گیا۔ اور دوبارہ کبھی ظاہر نہیں ہوا، اب میں صحت مند ہوں۔ ہالیلویاہ!

## خاندان کے افراد نے انجیل کو قبول کر لیا

مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے آسمانوں میں اڑ رہی ہوں جب مجھے کولہے کی سرکی ہوئی ہڈی کی تکلیف سے شفا مل گئی۔ میں خداوند کی محبت سے سرشار ہو گئی۔ میں خداوند کے حضور کچھ پیش کرنا چاہتی تھی اور میں نے

جن لوگوں نے ریورنڈ جے راک لی کی دعا سے شفا پائی وہ فلپائن یونائیٹڈ کروسیڈ میں گواہی دینے کیلئے قطار میں کھڑے ہیں۔



سینئر ڈیکنیس جونگ حی اُم پیرو یونائٹڈ کروسیڈ کی خبر سنا رہی ہیں۔



کوائر اور کوریا کے روایتی رقص کی ٹیم میں شرکت کر کے خدا کو جلال دیا۔

1994 میں میری شادی ہوئی۔ میرا خیال تھا کہ میرا شوہر شادی کے بعد چرچ میں میرے ساتھ آیا کرے گا، لیکن وہ اور اس کی ماں اس حقیقت سے نفرت کرتے تھے کہ میں چرچ جاتی ہوں۔ کئی بات اس نے مجھے اس بات پر بہت مشکل وقت دیا۔ لیکن میں نے اچھی بیوی اور اچھی بہو بننے کی کوشش کی، اس پیغام کو یاد رکھتے ہوئے جو میں نے چرچ میں سنے تھے۔ آخر کار، اس نے بھی اپنا دل کشادہ کیا اور میرے ساتھ چرچ آیا۔ میری ساس بھی آخر کار میرے ایمان کو تسلیم کرنے لگی اور اس نے خداوند کو قبول کر لیا۔

دسمبر 2001 میں اپنے شوہراور ساس کی معاونت کے ساتھ مجھے رقص کی ٹیم کا حصہ ہونے کی حیثیت سے فلپائن میں ہمارے سینئر پاسٹر کے یونائیٹڈ کروسیڈ میں فنی مظاہرے کا موقع ملا۔ جس جگہ کروسیڈ تھا وہ جگہ عین دو عدد سمندری طوفانوں کا ہدف تھی۔ اطلاعات دینے والوں نے سینئر پاسٹر سے پریس کانفرنس میں پوچھا کہ کیا سمندری طوفانوں کی وجہ سے کروسیڈ ملتوی ہو رہا ہے انہوں نے کہا "سمندری طوفان کا زورٹوٹ جائے گا اور وہ اپنا رخ بدل لیں گے۔ ہم اچھے موسم اور اچھی حالت میں کروسیڈ کریں گے۔ آپ خود اسے دیکھیں گے"۔

جیسا انہوں نے کہا تھا، ایک سمندری طوفان کا زور ٹوٹ گیا اور دوسرے نے اپنا رخ بدل لیا، اور کروسیڈ کامیابی کے ساتھ اچھے موسم میں ہوا۔ ایک نوجوان تھا جو بے ہوش ہو گیا تھا اور اس کا بدن اکڑ کر تختے کی مانند ہو گیا تھا۔ لیکن سینئر پاسٹر کی دعا کے بعد وہ فوراً اٹھ کھڑا ہوا۔ کئی مریض جو بیساکھیوں کے ساتھ آئے تھے چلنے پھرنے لگے۔ خدا کی قدرت دیکھ کر میرا ایمان مزید مضبوط ہوا۔


دسمبر 2004 میں، ہم نے پیرو یونائٹڈ کروسیڈ کا انعقاد کیا، اور میں اس کروسیڈ سے چالیس روز پہلے عوامی اشتہار کیلئے پیرو گئی۔

حتیٰ کہ آج بھی میرا شوہر اور بیٹی مجھے خداوند کے کام میں مدد دیتے ہیں، اور میں بہت شکر گزار ہوں۔ میں پیروش میں ضلعی نائب قائد ہوں، اور خدا باپ اور خداوند کی محبت دیگر روحوں تک پہنچانے کی کوشش میں ہوں۔

گزشتہ تیس سال مانمن سینٹرل چرچ میں ایمان کے ساتھ زندگی گزارتے ہوئے میرا ہر دن خوشی کا دن تھا۔ خدا نے مجھے زندہ خدا کا ثبوت دیکھنے کا موقع دیا، ایسے جیسے مجھے از سرِ نو بتا رہا ہو کہ، "میں یہاں ہوں!" مزید یہ کہ، اس نے مجھے میری دعاؤں سے بھی بڑھ کر برکات دیں۔

خدا نے اس برکت بھرے چرچ میں میری راہنمائی کی جو خدا کی محبت سے بھرپور ہے اور آسمانی امید کا حامل ہے۔ وہ مجھے بڑی بڑی چیزوں سے برکت دے رہا ہے جن کی میں مستحق ہوں۔ میں سارا جلال وفادار خدا کو دیتی اور اس کا شکر کرتی ہوں۔

طبّی معائنہ کے نتائج







دعا کے بعد، نظر جو تین درجہ تک دائیں اور 1 درجہ بائیں آنکھ میں بڑھ گئی۔